جانداران نیز در عالم نظر بحکمت ضرور شد زیرا که
اگر جانداران در عالم نه باشند فعل اختیاری صورت
نه بندد و بدون افعال اختیاریه در عالم رونق نیست
و مظهر اراده و اختیار متحقق نه۔ و همچنین شعور و ادراک
بدون جاندار مظهرے ندارد و صفت علم بے مظهر
ماند و جاندار را مصدر افعال اختیاری شدن بدون
خواهش و نفرت متصور نیست پس دادن این دو
صفت نیز بجاندار ضرور افتاد و خواهش و نفرت
بدون دریافت حسن و قبح چیزے که در ان خواهش
می کنند یا ازان نفرت می نمایند نیز متصور نیست
پس خلق شعور و ادراک اشیاء جزئیه بالاستیعاب
در مدت قلیله ممکن نیست لاجرم شعور و ادراک
کلی که متعلق بامر عام گردد حسن و قبح هزاران اشیاء
که بسبب آن مدرک شود بجاندار دادن ضرور شد

قرآنی بھی اسی پر شاہد ہے کہ قل الروح من
امر ربی اور امر رب کن ہے یعنی ہو جا اور ہو جانا
نیست سے ہست ہونا ہے اور ہست ہونا اپنا
یہ علم ہے کہ مین خدا سے علحدہ کوئی چیز ہون اور
یہی دانش روح ہے۔ شاید اللہ تعالے اس کے
بعد کوئی امر پیدا کرے۔

چھٹی اصل جانداروں کے اقسام اور قوت فعل اختیاری کے بیان مین

جاننا چاہیے کہ عالم مین جانداروں کو پیدا کرنا بھی بلحاظ حکمت
ضروری ہوا کیونکہ اگر جاندار عالم مین نہون تو فعل اختیاری
نہ ہو سکے جسکے بغیر عالم کی رونق نہیں اور نہ ارادہ و اختیار
کا مظہر متحقق ہے اسیطرح شعور و ادراک کا مظہر بھی جاندار
کے سوا کوئی نہیں ورنہ صفت علم بے مظہر رہ جاتی اور جاندار کا
کا مصدر افعال اختیاریہ ہونا بلا خواہش و نفرت ہو نہین سکتا
لہذا ان دونوں صفتوں کا بھی اسمین ہونا ضروری ہوا اور خواہش و
نفرت بھی بغیر اس چیز کی اچھائی برائی جانے ہو نہیں سکتی
لہذا اشیاء جزئیہ کا شعور و ادراک بھی اسمین پیدا کرنا ضروری
ہوا۔ اور چونکہ جزئی شعور و ادراک کم مدت مین
ممکن نہین۔ لہذا کلی شعور و ادراک اور
ہزارون چیزون کا حسن و قبح جس کے سبب
سے وہ مدرک ہون اوسے دینا ضروری ہوا

پس برای خواہش و نفرت قوت شہویہ و غضبیہ
را پیدا کردند و برای دریافت حسن و قبح اشیاء جزئیہ
وہم و خیال را با آلات این ہر دو کہ حواس خمسہ اند
عنایت فرمودند و برای شعور و ادراک کلی روح
را آمادہ ساختند و قوت عقلیہ باو بخشیدند پس
در ہر جاندار از شہوت و غضب و وہم و خیال
و عقل ناگزیر شد و جانداران در کیفیت ترکیب
این امور چہار قسم اند

قسم اول جاندارے کہ قوت عقلیہ او غالب بر
وہم و خیال و شہوت و غضب است بحدے کہ
حکم این چیزہا اصلاً و قطعاً بقوت عقلیہ او پیش نمرود
کالمیت فی ید الغسال زیر فرمان و مطیع و منقاد او
باشند و این قسم را فرشتہ گویند و بزبان ہندی دیوتا
و بزبان فارسی سروش و بہ زبان شرع ملائکہ و
ارواح و ملکوت از ینہا تعبیر نمایند و این قسم از
لوث گناہ معصوم و پاک است و محتاج بہ اکل و
شرب و جماع و دیگر خسایس نیست زیرا کہ ایشان را
برای صدور افعال اختیاریہ بدنے دادہ اند از
نور کہ انحلال و انفکاک و قبول صدمات و تحلیل را
قبول نمی کند و بسبب غلبۂ قوت عقلیہ و استخدام
آن وہم و خیال را ایشان را ممکن است کہ خود را

لہذا خواہش و نفرت کے لیے قوت غضبیہ و شہویہ پیدا
کی اور اشیاء جزئیہ کا حسن و قبح جاننے کے لیے وہم و
خیال کو اون کے آلات یعنی حواس خمسہ عنایت
کیے اور پورے شعور و ادراک کے لیے روح کو آمادہ
کیا اور اوسے قوت عقلیہ دی تو ہر جاندار کے
لیے شہوت و غصہ و وہم و خیال و عقل ضروری
ہوے اور وہ اس ترکیب مین چار قسم
پر ہین -

اول وہ جاندار جن کی قوت عقلیہ وہم و خیال
و شہوت و غضب پر اس قدر غالب ہے جس کی
وجہ سے ان کا حکم چل نہین پاتا مردہ بدست زندہ
کی طرح یہ اوس کے مطیع رہتے ہین انھین کو فرشتہ
اور ہندی مین دیوتا اور فارسی مین سروش اور
شرع مین ملائکہ و ارواح و ملکوت کہتے ہین یہ گناہ
سے بالکل معصوم اور کھانے پینے و جماع
وغیرہ کے محتاج نہین کیونکہ صدور افعال
اختیاریہ کے لیے انھین ایسا جسم نورانی
دیا گیا ہے جو انحلال و انفکاک و صدمات
و تحلیل کو قبول نہین کرتا اور بوجہ
قوت عقلیہ کے غلبہ اور وہم و خیال
کے خادم ہونے کے یہ اپنے آپ کو

در ہر صورت ظاہر سازند و بہ معنی تکثیف گردانند
و بہ اشکال مختلفہ متشکل شوند و اشرف این قسم
حملۃ العرش اند۔ بعد ازان حافین من حول العرش
بعد ازان ملائکہ کرسی۔ بعد ازان ملائکہ ہفت آسمان
طبقۃ بعد طبقۃ بعد ازان کرۂ اثیر و کرۂ نسیم و کرۂ
زمہریر کہ موکل برمی شہب و انزال مطر و سوق سحاب
برعد و برق اند بعد ازان ملائکہ موکل بہ جبال و بحار
بعد ازان ملائکہ سفلیہ کہ بہ تصرفات اجسام نباتیہ
وانسانیہ مشغول اند۔

قسم دوم جاندارے کہ قوت وہم وخیال آنہا
غالب بر عقل ہم و بر شہوت و غضب بحدیکہ عقل
و غضب آنہا در ہر فعل اختیاری تابع وہم وخیال
آنہا می شود و بدن اینہا خلاصۂ اجزاے ناری و
ہوائی ست کہ آن را در قرآن مارج من نار
و نار السموم فرمودہ اند و این بدن آنہا حکم
روح حیوانی آدمی دارد کہ در قلب پیدا می شود
و فرق در روح حیوانی آدمی و بدن این قسم
آن ست کہ روح حیوانی آدمی خلاصۂ عناصر اربعہ
است کہ در غذا بکار می رود و بدن این قسم
محض از اجزاء ناری و ہوائیست و بدن نسمی ایشان
کہ بمنزلۂ روح حیوانی آدمی ست نیز چون ہمین

ہر صورت مین ظاہر اور مختلف شکلون سے
متشکل کر سکتے ہین۔ آن مین سب سے بزرگ
ملائکہ حاملین عرش ہین پھر عرش کے گرد طواف
کرنے والے پھر ملائکہ کرسی پھر ملائکہ ہفت آسمان
یکے بعد دیگرے پھر ملائکہ کرۂ اثیر و کرۂ ہوا و کرۂ
زمہریر جو شہاب ثاقب پھینکنے اور بذریعہ رعد
و برق پانی برسانے پر موکل ہین پھر وہ ملائکہ جو
پہاڑ و دریا پر موکل ہین پھر ملائکہ سفلیہ جو اجسام
نباتیہ و انسانیہ مین تصرف کرتے ہین۔

دوسرا گروہ جاندار جن کی قوت وہم و
خیال عقل اور شہوت و غصہ پر اس قدر
غالب ہے جس کی وجہ سے اون کی عقل
و غصہ ہر اختیاری فعل مین اون کے وہم و
خیال کی تابع رہتی ہے اون کا جسم اجزاے
آتشی و ہوائی کا خلاصہ ہے جن کو قرآن مجید
مین مارج من نار اور نار السموم فرمایا ہے
ان کا جسم انسان کی روح حیوانی کی طرح
ہے فرق یہ ہے کہ انسان کی روح حیوانی
عناصر اربعہ کا خلاصہ ہے اور غذا سے پیدا ہوتی
ہے اور یہ جسم محض آتشی و ہوائی اجزا کا
ہے اور انسان کی روح حیوانی کی طرح

جنس لطیف است با این بدن اختلاط و اتحاد
بہم رسانیدہ چون آب و شیر یک رنگ می گردد
بہمین سبب قوت وہم و خیال ایشان این بدن
را مانند بدن نسمی متغیر الشکل می گردانند چنانچہ
آدمی را در حالت خوف و فرح و نشاط و سرور
در بدن نسمی تغیر می شود و گاہے این قسم گاہے
برہمین بدن خود اکتفا می کنند و بہ آن تصرف
می نمایند و در مسام آدمی و مداخل ضیقہ می درآیند
و می برآیند و گاہے بہ قوت وہم و خیال جسمی کثیف
را ترتیب دادہ بہ اشکال مختلفہ متکیف یعنی متفاوت
از حسن و قبح و ہولناکی ظہور می کنند و ازین است
کہ اکثر اوقات بدن این قسم دیدہ نمی شود مثال
ہوا و نار و شعاع و با وصف این ہمہ بہ قوت وہم
و خیال ایشان کار شاق و ثقیل می توانند کرد
چنانچہ ہوا درخت کلان را از بیخ بر می کند و این
قسم را احتیاج اکل و شرب و جماع و دیگر خسایس
ہمہ متحقق است و این قسم را جن می نامند و در
ہندی لفظ دیوتا شامل اینہا است آرے جماعت
را ازینہا کہ افعال اختیاریہ آنہا بیشتر مصروف
بہ تاذی و اضرار خلق اللہ اند اشرار و در لغت عرب
شیطان گویند و غیر اشرار را جن و در لغت فارسی

لطیف ہے لہذا وہ اس جسم سے مل کر دودھ پانی
کی طرح یکرنگ ہو جاتے ہین اسی لیے ان کی
قوت وہم و خیال اس جسم کو جسم نسمی کی
طرح متغیر کر دیتی ہے جیسے جسم انسانی مین
بحالت رنج و سرور و خوف و خوشی تغیر ہوتا ہے
اور کبھی یہ اپنے اسی جسم پر اکتفا کر کے اوس پر
تصرف کرتے ہین اور آدمی کے مسامات اور
تنگ مقامات مین جاتے اور نکل آتے ہین اور
کبھی بقوت وہم و خیال کسی جسم کثیف کو مرتب
کر کے مختلف اچھی اور بری صورت مین
ظاہر ہوتے ہین اسی لیے اکثر ایسا جسم ہوا
کی طرح دکھائی نہین دیتا اور با این ہمہ محض
بقوت وہم و خیال مشکل کام کر سکتے ہین
جس طرح ہوا بڑا درخت جڑ سے اوکھاڑ کر
پھینک دیتی ہے۔ انھین کھانے پینے اور
جماع وغیرہ سب کی ضرورت ہوتی ہے اور
ان کو جن اور ہندی مین دیوتا بھی کہتے
ہین البتہ ان مین سے جو خلق کو نقصان
و تکلیف پہونچاتے ہین اون کو عربی
مین اشرار و شیطان اور غیر اشرار
کو جن کہتے ہین اور فارسی زبان مین

اشرار را دیو و غیر اشرار را پری نامند و از حدیث
شریف معلوم می شود کہ این قسم نیز باہم اختلاف
بسیار دارند بعضے از ایشان پرہا دارند و بعضے بصورت
مارہا و سگان خود را ساختہ سیر می کنند و بعضے از ایہنا
بصورت آدمی خانہ داری می کنند و کوچ و مقام
می نمایند و مساکن ایشان بیشتر خرابہا و صحراہا
و کوہستانہا است اما این ہمہ صورتہا است کہ
ہر فرقہ را بہ یکے ازانہا خصوصیت و رغبت رسیدہ
والا در اصل بدن جن ہمان اجزاء ناریہ و ہوائیہ مختلط
اند این قسم گویا برزخ است درمیان عقل و طبیعت
و لہذا احکام ہر دو جانب در ایہنا متحقق است
تشکل باشکال مختلفہ و تدبیرات کلیہ و فہم و شعور حسن
و قبح در امور دقیقہ از عالم ملائکہ گرفتہ اند و بہمین
جہت قلم تکلیف بر ایہنا جاری ست و اکل و شرب
و جماع و دیگر خواص حیوانیہ از حیوانات گرفتہ اند
و اتباع شہوت و غضب می کنند چنانچہ حیوانات
مگر فرق ہمین است کہ حیوانات عقل و وہم
و خیال خود را مغلوب شہوت و غضب خود ساختہ
اند و ایہنا عقل و شہوت و غضب خود را مغلوب وہم و خیال
قسم سوم جاندارے کہ شہوت و غضب او بر عقل
و وہم و خیال او غالب باشد بحدے کہ عقل او

اشرار کو دیو اور غیر اشرار کو پری کہتے ہین
اور حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ ان مین
بھی مختلف قسمین ہین بعضون کے پر ہوتے
ہین اور بعض سانپ اور کتون کی صورت مین
پھرتے اور بعض آدمیون کی صورت مین رہتے
اور کوچ و مقام کیا کرتے ہین اور کھنڈر و جنگل
و کوہستان مین رہتے ہین اور یہ وہ صورتین
ہین جنھین ہر فرقہ نے اپنے اپنے لیے پسند
کر لیا ورنہ دراصل ان کے اجسام وہی اجزائے
مخلوطہ آتشی و ہوائی ہین یہ قسم گویا عقل
و طبیعت مین برزخ ہے اسی لیے دونون کے احکام
ان مین پائے جاتے ہین مختلف اشکال سے
تشکل اور تدبیرات کلیہ و امور دقیقہ کے حسن و
قبح کا فہم و شعور تو انھون نے ملائکہ سے لیا ہے
اور اسی لیے مکلف ہین اور کھانا پینا و جماع
وغیرہ حیوانات سے لیا ہے اور انھین کی طرح
شہوت و غضب کے تابع ہین مگر فرق یہی ہے کہ حیوانات
کی عقل و وہم و خیال اون کے غضب و شہوت کی
مغلوب ہے اور انکی عقل و شہوت و غضب وہم و خیال کی مغلوب
تیسرے وہ جاندار جن کی شہوت و غضب
اون کی عقل و وہم و خیال پر غالب ہے

کالعدم گردد و وہم و خیال او زیر فرمان شہوت
و غضب است و این قسم را حیوان نامند اگر
شہوتش بر غضب غالب باشد بہیمہ است و اگر
غضبش بر شہوت غالب باشد سبع است بہائم
و سباع چنانچہ در چرندہ می باشند در پرندہ و حشرات
نیز می باشند چنانچہ بعد از تتبع کامل ظاہر می شود
پس مگس بہیمہ حشرات ست و عنکبوت سبع و
علے ہذا القیاس و این ہر سہ کہ مذکور شدند بسائط
ذی روح اند کہ در ابتداے تعلق ارواح بہ ابدان
ہمین سہ قسم ظاہر شدند حق تعالی قسم اول را براے
سکونت آسمانہا و تدبیر امور منتظمہ عالم کہ عصمت از
خطا و نافرمانی دران امور مطلوب بود اختیار فرمود
و قسم دوم را براے صدور افعال اختیاریہ جزئیہ
در زمین و تصرف در نباتات و معادن و حیوانات
مقرر ساخت زیرا کہ ارواح این قسم نہ در مرتبہ
غلاظت و کثافت سباع و بہائم بودند و نہ در مرتبہ
صفا و لطافت ملائکہ لاجرم ابدان آنہا نیز اجرام
عنصریہ لطیفہ کہ خلاصہ ہوائی ست بازیب
گردانید تا در تاثیر علوم و ادراکات و سرعت نفوذ
و حرکات بین بین باشند و چون ارواح و ابدان
این قسم بالطبع قریب بارواح و ابدان ملائک

اس قسم کو حیوان کہتے ہین - اگر اوس کی شہوت
غضب پر غالب ہوئی تو وہ چوپایہ ہے - اور اگر
غضب شہوت پر غالب ہوا تو درندہ ہے اور یہ
جس طرح چرندون مین ہوتے ہین پرندون اور
کیڑون مین بھی ہوتے ہین چنانچہ مکھی بہیمہ حشرات
اور مکڑی درندہ حشرات ہے - اور یہ تینون بسائط
ذی روح کی قسمین ہین جو ابتداے تعلق
ارواح و ابدان مین ظاہر ہوئین خداوند
تعالے نے پہلی قسم کو تو آسمانون کی سکونت
اور امور منتظمہ عالم کی تدبیر کے لیے اختیار فرمالیا
اور دوسری قسم کو زمین مین افعال اختیاریہ
جزئیہ کے صدور اور نباتات و معادن و حیوانات
مین تصرف کرنے کے لیے مقرر کیا کیونکہ ایسی روحین
نہ تو مرتبہ کثافت مین چرندون اور درندون
کی طرح ہین اور نہ صفائی و لطافت
مین فرشتون کی طرح لہذا اون کے
اجسام کو بھی اجرام عنصریہ لطیفہ سے
مرتب کیا تاکہ تاثیر علوم و ادراکات و سرعت
نفوذ و حرکات مین معتدل ہون اور
چونکہ ایسے ارواح و اجسام طبعاً اجسام اور
ارواح ملائکہ سے قریب ہوتے ہین

شدند این قسم را ممکن شد که از عالم ملکوت بعض
امور غیبیه را تلقی نمایند و در مجالس و محافل ملکوت
که فوق السماء است حاضر شوند و قسم سوم که حیوانست
محض برای خدمت این قسم و اتباع خواہش و نصرت
ایشان مخلوق شد گویا قسم حیوان آلہ کشفیہ این قسم
بود تا آنکہ قسم چہارم کہ بمنزلہ معجون مرکب از ین ہر سہ
قسم است و عقل و وہم و خیال و شہوت و غضب او
قریب باعتدال بروے کار آمد سلطنت زمین را
باو حوالہ فرمودند و علوم غیب را بتوسط ملائک بالتخصیص
نازل فرمودند و حیوانات و نباتات و معادن را
برائے او مسخر کردند تا خلافت کبرے سرانجام نماید
و آنچہ از بسائط ذوی الارواح متوقع نبود در روے ظہور
کنند چون انسان را از جسمانیت و روحانیت آفریدہ اند
پس غذائے جسم او دمبدم از ارضی می رسانند و غذائے
روح او لحظہ بلحظہ از آسمان نازل می فرمایند و بنا بر این
وے را خلافت و تصرف در دو عالم دادہ اند تا
سلیقہ جمع و تالیف پیدا کند و شایان خلافت
باشد و از ین ست کہ جمیع مخلوقات ارضی را از
معادن و نباتات و اشجار و انہار و حیوانات ماشی
وطیار در کار خود مصروف می سازد و بجمع و تالیف
آن می پردازد و مصنوعات عجیبہ از ہر جنس غذا

لہذا ان کے لیے بھی عالم ملکوت سے بعض
امور غیبیہ لینا اور مجالس و محافل ملکوت مین
حاضر ہونا ممکن ہوا اور تیسری قسم یعنی حیوان
وہ محض اس قسم کی خدمت کے لیے پیدا کی
گئی گویا وہ ان کا آلہ کشفیہ ہے یہان تک کہ
چوتھی قسم جو ان سب سے مرکب ہے ظاہر
ہوئی جس کی عقل اور وہم و خیال و شہوت
و غضب قریب بہ اعتدال ہین زمین کی سلطنت
اوس کے حوالے فرما کر اوس پر علوم غیبی بذریعہ
ملائکہ بالتخصیص نازل فرمائے اور حیوانات و
نباتات و معادن کو اوس کا مسخر کیا تاکہ خلافت
کبرے کا کام سرانجام پاوے اور جو بسائط ذوی روح
سے نہ ہوا وہ اس سے ہو چونکہ انسان کو جسم و
روح دونون سے پیدا کیا ہے لہذا اوسکی غذائے
جسمانی تو دمبدم زمین سے پہونچاتے اور غذائے
روحانی لحظہ بہ لحظہ آسمان سے نازل فرماتے ہین اسی
لیے اوسے تمام عالم پر تصرف دیا تاکہ جمع و تالیف کا
سلیقہ پیدا کر کے خلافت کے لائق ثابت ہو اسی لیے وہ
تمام مخلوقات ارضی یعنی معادن و نباتات و اشجار و انہار
و حیوانات کو اپنے مصرف مین لاتا اور اونکی جمع و
تالیف مین لگا رہتا ہے اور عجیب عجیب صنعتین غذا

و مسکن و مرکب و ملبوس بر روے کار نمایان
می کند و شابهت با جناب خالق الاصول و الفروع
و رافاضه صور بر مواد و اختراع صور تهاے عجیبه
ذوات الخواص و الاحکام پیدا می کند همچنین از
مخلوقات آسمانی که ستاره هاے ثابت و سیار اند
و فرشتهاے عالی مقدار هر چیز را در حوائج خود بکار
می آرد و طریق تسخیر آن عالم دور دست می شناسد
اما برخے را درین کار نقصان عظیم لاحق می گردد
که بر تصرفات از مرتبهٔ خلافت چه از رتبهٔ بندگی
دور افتند و آنچه باید کردنی کنند و آنچه نه باید کردنی کنند
و مستحق وبال و نکال می گردند لاجرم دار آخرت
را براے امتیاز هر دو فرقه مقرر کرده اند تا ملکهٔ خلافت
کبرے که امکان را بدست آمده دران عالم بوسعت
آرام ظهور فرمایند و ملکهٔ بغض و عداوت و دوری
از مرضیات خداوند خود که بدان را نصیب شده
نیز دران دار باوج کمال رسیده ثمر نتائج قبیحه دائم
شوند و براے این کار دران عالم جمیع اجسام و ارواح
را خادم این مخلوقات ساختن ضرور افتاد لهذا
چنین قرار یافت که ارواح آسمانی همه هم روح او
شوند و قواے عقلیه و خیالیه این مخلوق ملفوف و
پیچیده شوند و مواد زمینی تمامها در جسم این مخلوق

اور مسکن و مرکب و ملبوس مین ظاہر کیا کرتا ہے
اور بوجہ عجیب صورتون کے اختراع اور مادے کو
صورت دینے مین حضرت حق سے مشابہت
پیدا کرتا ہے اسی طرح آسمانی مخلوقات یعنی ستارے
ثابت و سیار و ملائکہ وغیرہ سے ضرورتا کام لیتا اور
اس عالم دور و دراز کی تسخیر کا طریقہ جانتا ہے مگر بہتون
کو اس کام مین بڑا نقصان ہوتا ہے یعنی بوجہ
تصرفات مرتبہ خلافت مرتبہ عبودیت سے دور
جا پڑتے اور شایستہ باتون کو چھوڑ کر ناشایستہ
باتون کی وجہ سے عذاب کے مستحق ہو جاتے ہین
لہذا انھین دونون کے امتیاز کے لیے آخرت
بنائی گئی تاکہ ملکۂ خلافت کبرے جو مسکن کو
حاصل ہوا وہان بہ فراغت ظاہر ہو اور ملکہ
بغض و عداوت اور اپنے مالک کی نافرمانی
جو بُرون کو نصیب ہوئی وہ بھی پوری ہو کر نتائج
قبیحہ دائمہ کا ثمر ہو اور اس کام کے لیے وہان
بہت سے اجسام و ارواح کو اون مخلوقات کا
خادم بنانا ضروری ہوا لہذا یہ قرار پایا کہ تمام
ارواح آسمانی اوسی کی ہم روح ہون اور اس کے
قواے عقلیہ و خیالیہ ملفوف و پیچیدہ
ہون اور مواد زمینی تمامہا اس کے جسم

متعلقات او که موضوع به صناعات او ست از ملابس و ماکل و مشارب و مساکن وغیرہا امداد نمایند و بکار او مصروف شوند تا نتیجہ اعمال ہمہ ظاہر شود غرضکہ ہمہ را برای او مسخر کردند و ازین تحقیق سرّ تقدم جن بر انسان واضح شد و نیز شرکت جن با انسان در حمل امانت تکلیف ظاہر گشت تم الکلام علی وفق المرام بعد ازین تمہیدات چند کہ موفق باستخراج آنہا شدہ ام بگوش دل شنیدنی ست۔

اور متعلقات جسم مین جو اوسی کے بنائے ہین کھانے پینے پہننے کی چیزون سے مدد دین اور اوس کے کام مین مصروف ہون تاکہ اچھائی اور برائی کی خوبی ظاہر ہو جائے غرضکہ سب کو اوسی کے لیے مسخر کیا اس تحقیق سے انسان پر جن کے تقدم کا راز نیز اوسکا انسان کے ساتھ بار امانت اوٹھانے مین شریک ہونا ظاہر ہوگیا حسب خواہش گفتگو تمام ہوئی اور اسکے بعد چند تمہیدین جنکے استخراج کی مجھے توفیق ہوئی لکھتا ہون اسے دل سے سننا چاہیے

تمہید اول دربیان حکمت خیر و شر

باید دانست کہ خداوند تعالی حکیم است فعل او خالی از حکمت نیست ہر چہ می کند بحکمت می کند افحسبتم انما خلقناکم عبثا و انکم الینا لا ترجعون پس در ہر مخلوق حکمتے باشد خواہ شر یا خیر اگر گوئی کہ در خلق شر حکمتے نیست این کفر باشد چہ فعلے کہ در و حکمت نہ بود عبث است و عبث نتیجہ سفہ است تعالیٰ شانہ عنہ و حکمت در نفس خویش خیر است پس بدین نظر محققان گفتہ اند کہ فعل اللہ کلہ خیر و لا یصدر منہ شرٌ و مراد ازین شر آن کہ خلاف حکمت بود پس شر آن بود کہ درو حکمت نہ بود و آن فعل حکیم نہ باشد و ھو الحکیم الخبیر کم نظران درین محل گفتہ کہ چون شر روا نہ باشد کہ خدا آفریند

پہلی تمہید حکمت خیر و شر کے بیان مین

جاننا چاہیے کہ خداوند تعالی حکیم ہے کوئی فعل اوسکا حکمت سے خالی نہین جو کچھ کرتا ہے حکمت سے کرتا ہے افحسبتم انما خلقناکم عبثا تو ہر مخلوق مین ایک حکمت ہے خواہ اچھی ہو یا بری یہ کہنا کہ برائی پیدا کرنے مین کوئی حکمت نہین کفر ہے کیونکہ جس بات مین کوئی حکمت نہو وہ بے فائدہ ہے اور عبث نتیجہ سفاہت جس سے حق تعالے مبرا ہے۔ اور حکمت فی نفسہ خیر ہے اس لیے محققین کے نزدیک کل افعال الٰہی خیر ہین اوس سے شر نہین ہو سکتا شر وہ ہے جو خلاف حکمت ہو اور خلاف حکمت حکیم کا کوئی فعل نہین ہو سکتا اور وہ حکیم خبیر ہے کوتاہ نظر لوگون کا قول ہے کہ جب شر پیدا ہونا خدا سے جائز نہین

پس برای خلق او الٰہ دیگر بود آنہا ثنویہ اند کہ قائل
خالقین متضادین یزدان واہرمن اند وقدریہ
شر را اضافت بہ بندہ کردند کہ بے خلق خداوند
سبحانہ در وجود می آید ازین جا آنحضرت صلعم
فرمود کہ القدریۃ مجوس ھذہ الامۃ وچون
مقرر گشت کہ ہر شرے کہ ہست در خلقت او حکمت ہست
پس آفرینش شر در نفس خود خیر است لامحالہ خلق شر
شر نہ باشد چنانچہ خلق ظلم ظلم نہ بود قال اللہ تعالیٰ
ان اللہ لا یظلم مثقال ذرۃ وتسمیہ گردانیدن
آن شر صرف ہمین است کہ تا ما اعتقاد کنیم کہ او تعالیٰ
خالق اضداد است اما او را شریر وظالم گفتن بنا بر
کہ خلق آنہا خالی از حکمت نیست وانچہ بہ حکمت بود
وضع الشئ فی موضعہ بود لا فی غیرہ کہ ظلم
لازم آید پس شر بنظر خلق شر نہ بود البتہ بہ نظر کسب
بود وخلق از خداست وکسب از بندہ ما اصابک
من حسنۃ فمن اللہ وما اصابک من
سیئۃ فمن نفسک واین امریست کہ جز
علماء باللہ نداند

تو اوس کا دوسرا خدا ہوگا یہی فرقہ ثنویہ ہے جو دو
خدا یعنی یزدان واہرمن کا مُقر ہے اور قدریہ شر کو
بندہ کی جانب منسوب کرتے ہین کہتے ہین کہ وہ بلا
تخلیق حق ہوتا ہے اسی لیے آنحضرت صلعم نے فرمایا
کہ قدریہ اس امت کے مجوس ہین۔ اور جب یہ ثابت
ہوگیا کہ ہر برائی کی خلقت مین بھی حکمت ہے تو
برائی پیدا کرنا بذاتہ اچھا ہے لامحالہ برائی پیدا کرنا
برا نہین جس طرح ظلم پیدا کرنا ظلم نہین خود فرماتا ہے
کہ اللہ ذرہ برابر ظلم نہین کرتا۔ شر محض اس لیے
پیدا کیا گیا تاکہ ہم جناب باری کے خالق اضداد
ہونے کے معتقد رہین مگر اوسے شریر وظالم نہین
کہنا چاہیے کیونکہ برائی پیدا کرنا بھی خالی از حکمت نہین
اور جو حکمت ہو وہی ہر چیز کا اوس کی جگہ پر رکھنا ہے
ظلم۔ بے جا رکھنے سے لازم آتا ہے لہذا شر بہ نظر تخلیق
شر نہین البتہ بنظر کسب شر ہے تخلیق خدا کا کام ہے
اور کسب بندہ کا جو کچھ تم سے اچھائی ہو وہ اللہ کی طرف سے
ہے اور جو کچھ برائی ہو وہ تمھارے نفس کی طرف سے ہے یہ وہ
بات ہے جسے علماء باللہ کے سوا اور کوئی نہین جانتا۔

تمہید ثانی در بیان حکمت آفرینش شر

دوسری تمہید اس بیان مین کہ برائی پیدا کرنے مین

بدان کہ حکمتی کہ در خلق شر مفہوم اہل حق ہست
اظہار حسنہ است بمضادت شرکت ومشہور ست کہ

کیا حکمت ہے۔ جاننا چاہیے کہ اہل حق کو برائی کی پیدایش مین
جو حکمت معلوم ہوتی ہے وہ اچھائی کا اظہار ہے مشہور ہے

تبیین الاشیاء باضدادها چہ تتمیہ خیر ہر چیز
راہر گاہ کہ شود معلوم آن شخص خواہد بود کہ خیر آن را
گویند کہ شر نباشد پس اگر شر مفہوم نبودے بہ نفی
آن خیر چون ثابت گشتے و در اظہار خیر حکمت است
و آن موقوف بوجود شر است پس در خلق شر
ہم حکمت باشد و نسبت خیر با شر چنان باشد کہ
نسبت خد با خال چہ حسن خد بمقابلہ خال است
اگرچہ او در نفس خود حسنے ست بلکہ خال را اگر از خد
جدا کنند جز قبیح نباشد پس چیزے کہ در نفس خود
قبیح بود دیگرے را چون نیک تواند نمود و ازین جا
ثابت گردید کہ حسن خد بضادت قبح خال ظاہر
است پس خال اگرچہ بنفس خویش قبیح است
اما بجہت اظہار حسن خد خوب است پس بدین نظر
شر محض خیر است و در تخلیق او محض حکمت ست
بلکہ در بعض محل وجود خیر بہ وجود شر موقوف است
چنانچہ وجود طعام و شراب بوجود جوع و عطش کہ در
نفس خود شر است اما بے وجود آن اکل و شرب
نہ باشد و اکل و شرب خیر است کہ بے وجود جوع و عطش
وجود ندارد و این معنی کہ مقتضی فہمے دیگر است و
بغایت غامض بفکر صاف و نظر صائب باید شنید
کہ وجود نیاز برای ناز کبریائی ست کہ آن از زبان شریعت

کہ اشیاء اپنے اضداد سے ظاہر ہوتی ہین کیونکہ
ہر چیز اوس وقت اچھی کہی جائیگی جب یہ معلوم
ہوگا کہ وہ بُری نہین اگر بُرائی کا کوئی مفہوم نہ ہوتا
تو اوس کی نفی سے اچھائی کیسے ثابت ہوتی
اور خیر ظاہر کرنے مین جو حکمت ہے وہ شر کے وجود
پر موقوف ہے لہذا شر کی تخلیق مین بھی حکمت
ہوئی خیر کے ساتھ شر کی نسبت ایسی ہے
جیسی رخسارہ کی تل سے کیونکہ حسن رخسار
بمقابلہ خال ہے اگرچہ وہ خود بھی بجائے خود
اچھا ہے بلکہ تل کو اگر رخسار سے علیحدہ کرین
تو وہ بُرا ہے پس خال اگرچہ بذاتہ بُرا ہے
مگر حسن رخسار ظاہر کرنے کے لیے اچھا ہے
اس لیے شر محض خیر ہے جس کی تخلیق مین
محض حکمت ہوئی بلکہ بعض جگہ خیر کا وجود شر
کے وجود پر موقوف ہے جس طرح کھانے پینے کا
وجود بھوک و پیاس پر موقوف ہے جو فی نفسہ
شر ہے مگر بغیر اوس کے کھا پی نہین سکتے اور
کھانا پینا اچھا ہے جو بغیر بھوک و پیاس کے
نہین ہوتا اب اور معنی جو دوسری سمجھ کے مقتضی
اور دقیق ہین بغور و تامل سننا چاہیے کہ وجود نیاز
ناز کبریائی کے لیے ہے جیسے شریعت مین

بے نیاز گویند چنانکہ وجود جوع وعطش برائے
اکل وشرب ست نیاز نیز برائے قبول ناز است
تا حکم آن گیرد یعنی نیاز بحیثیت نیاز منظور نباشد
مگر بجہت ناز واین محض حکمت باشد چنانچہ
بعد اکل وشرب جوع وعطش را وجود نیست واگر
درین معنی تامل کنی بدانی کہ اشیاء عالم ہمہ صور نیاز
اند کہ برائے قبول ناز کبریائی روی نمودہ اند و ہر
صورت کہ آن معنی قبول کند حکم آن گیرد در حسن
چہ نیاز اگرچہ بذاتہ قبیح است اما چون قبولِ ناز کند
حُسن گردد وچون آنچہ ناز کبریائی ست ہمہ نیاز
است ونیاز بنفس خود قبیح است ومحتاج پس
خیر مطلق خداوند تعالی بود واللہ خیر وابقی وآنچہ
خیر است بہ نسبت دیگر شر باشد اما حکمت در خلقت
شر آن ست کہ قبول تجلی آن خیر می کند کہ ظہور او
جز بدین ممکن نیست پس خیر مطلق کہ خداوند است
اورا دو مرتبہ است وجود وظہور در مرتبہ وجود واجب
است ودرین مرتبہ نیاز را کہ بنفس خود شر است
گذر نیست ودر مرتبہ ظہور ممکن کہ او ممکن الظہور است
ودرین مرتبہ ظہور نیاز اگرچہ شر است برائے ظہور
خیر در می باید کہ ظہور خیر موقوف بہ وجود آن ست
واورا ہم ازین جہت ممکن گویند پس ازین نظم

بے نیاز کہتے ہین جس طرح بھوک و پیاس کا وجود
کھانے پینے کے لیے ہے نیاز بھی اس لیے ہے
تاکہ ناز قبول کرے یعنی نیاز نہ بحیثیت نیاز بلکہ
بجہت ناز منظور ہوگا جو محض حکمت ہے جس طرح
کھانے پینے کے بعد بھوک و پیاس نہین رہتی
اس مین غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ عالم کی
کل چیزین بصورت نیاز ہین جو ناز کبریائی
قبول کرنے کے لیے ظاہر ہوئین جو اوسے قبول
کرلے وہ اچھی ہو جائے کیونکہ نیاز اگرچہ بذاتہ بُرا
ہے مگر ناز قبول کر لینے کی وجہ سے اچھا ہے اور
چونکہ جو کچھ ہے وہ ناز کبریائی ہے لہذا نیاز بھی ہے
اور نیاز بذاتہ بُرا اور محتاج ہے لہذا خیر مطلق
خداوند تعالے ہوا اور اللہ ہی بہتر و باقی ہے۔ اور ہر
اچھائی بہ نسبت غیر برائی ہے مگر تخلیق شر
مین یہ حکمت ہے کہ وہ اوس تجلی خیر کو قبول کرتا ہے
کیونکہ اوسکا ظہور بغیر اسکے ممکن نہین تو خیر مطلق یعنی حضرت
حق کے دو مرتبے ہین وجود و ظہور مرتبۂ وجود مین
واجب ہے جسمین نیاز کا جو فی نفسہٖ شر ہے گذر نہین اور مرتبۂ
ظہور مین ممکن ہے کیونکہ وہ ممکن الظہور ہی جسمین ظہور نیاز اگرچہ
بُرا ہے مگر ظہور خیر کے لیے اوسکی ضرورت ہی کیونکہ خیر کا ظہور اوسکے
وجود پر موقوف ہی اور اوسکو بھی اسلیے ممکن کہتے ہین تو اس لحاظ سے

خیر مظہر شر است وشر مظہر خیر واین معنی ادق
است فہم نہ شود مگر از ذوق سلیم۔

تمہید ثالث دربیان اخراج شر از حد رضا

بدانکہ وجود شر نامرضی است یعنی شر آن بود کہ
مکروہ باشد در شرع چنانکہ معنی خیر آن ست کہ
محبوب بود در شرع وکراہت ضد رضا باشد
وچون شر بنفس خود کراہت دارد ومراد آن نیست
مگر بوجود خیر کہ وجود خیر در ظہور موقوف بدو بودہ
است واین حکمت است پس خیر مراد محض ومرضی
بود اما شر چون از جہت وجود خیر است مرضی نباشد
ومعنی آن کہ مراد بنفس خود نیست این است کہ در
وجود او کراہت است وکراہت ضد رضا است
ومثال این حجامت است کہ برائے صحت بدن است
اگر صحت بدن نبودے ہرگز شخصے حجامت
نخواستے پس بدین نظر اگرچہ حجامت مکروہ است
اما چون صحت بدن موقوف ست بدو مراد آمد
لیکن مرضی نباشد کہ کراہت ضد رضا است
ہمچنین خلق شر برائے اظہار وجود خیر است و اگرچہ
وجود شر از جہت اظہار خیر مراد است اما چون در نفس
امر قبیح ست مرضی نہ گویند واگر کسے گوید او را غافل
نہ گویند کہ حقیقت اشیا را منکر گردد چہ حقیقت شر را

خیر مظہر شر اور شر مظہر خیر ہے اور یہ معنی نہایت
دقیق ہین بلا ذوق سلیم سمجھ مین نہین آسکتے۔

تیسری تمہید شر کو رضا کی حد سے خارج کرنے کے بیان مین۔

جاننا چاہیے کہ وجود شر
خلاف مرضی ہے یعنی شر وہ ہے جو شرعًا مکروہ ہو جس
طرح خیر وہ ہے جو شرعًا محبوب ہو اور کراہت ضد
رضا ہے اور چونکہ شر بذاتہ مکروہ ہے اور بلا وجود خیر
مطلوب نہین کیونکہ ظہور وجود خیر حکمت پر موقوف
ہے لہذا خیر مراد محض اور مرضی ہوگا مگر شر چونکہ
بسبب وجود خیر کے ہے لہذا مرضی نہ ہوگا مطلب
یہ کہ بذاتہ مراد نہین ہے اور اسی لیے مکروہ ہے اور
کراہت ضد رضا ہے جس کی مثال صحت جسمانی
کے لیے حجامت ہے اگر صحت جسم اس سے نہ ہوتی تو
ہرگز کوئی حجامت پر راضی نہ ہوتا اس لحاظ سے اگرچہ
حجامت مکروہ ہے مگر چونکہ صحت جسم اوس پر موقوف
ہے لہذا بہتر ہے مگر پسندیدہ نہین کیونکہ کراہت ضد
رضا ہے اسی طرح شر کا پیدا کرنا وجود خیر کے
اظہار کے لیے ہے اگرچہ شر کا وجود بسبب اظہار
خیر مراد ہے مگر چونکہ واقعی برا ہے اس لیے پسندیدہ
نہین اگر کوئی کہے تو اوسے عقلمند نہ کہین گے اس لیے
کہ وہ حقیقت اشیا کا منکر ہوا جاتا ہے کیونکہ شر کی برائی

در نفس خویش قبح ثابت است وقبح مقتضای
کراہت است وکراہت ضد رضا پس ہیچ
نوع مرضی نباشد ولا یرضی لعبادہ الکفر
این بود اما چون وجود مکروہ محل قبول مرضی است
در خلقت آن حکمت بالغہ بود چہ ذوق رضا در
مذاق روح نرسیدے اگر در نفس کراہت موجود
نبودے پس وجود رضا از جہت ظہور موقوف
بہ وجود کراہت بود چنانکہ وجود خیر بہ وجود شر
پس آن را کہ نظر بہ حکمت خلق شر افتد جز خیر نبیند
ودر نظرش ہیچ مکروہ نیاید وہمہ مرضی گوید۔
اکنون ذکر اختیار بندہ کنیم۔

فی نفسہ ثابت ہے اور قبح مقتضائے کراہت ہے
اور کراہت ضد رضا لہذا وہ کسی طرح پسندیدہ نہین
ہوسکتا ولا یرضی لعبادہ الکفر مگر چونکہ وجود
مکروہ محل قبول ومرضی ہے اوس کی تخلیق مین
بھی حکمت بالغہ ہوگی کیونکہ ذوق رضا مذاق روح
مین اوس وقت تک نہین ہوسکتا تھا جب تک
نفس مین کراہت موجود نہ ہوتی پس وجود رضا بوجہ
ظہور وجود کراہت پر موقوف ہو جس طرح وجود خیر
وجود شر پر تو جن کی نظر حکمت تخلیق شر پر پڑتی ہے وہ
خیر کے سوا کچھ نہین دیکھتا اور نہ اونھین کچھ برا معلوم
ہوتا ہے۔اب مین بندہ کا اختیار بیان کرتا ہون۔

تمہید رابع در بیان اختیار عبد در افعال خویش

بدانکہ خداوند تعالے ذوی العقول را مختار آفریدہ
است وآن اختیار مر عاقل را جبلی است چنانکہ
احراق نار را پس اختیار موجب عقل است کہ آلہ
تمیز است بین الخیر والشر والحسن والقبح
وآنکہ او را تمیز نباشد عاقل نگویند وہمین تمیز
مقتضی اختیار اوست مر خیر را بر شر وحسن را بر قبح پس
نفی اختیار از عاقل انکار باشد مر حقایق اشیا را واین
سفہ محض بود چہ این اختیار مخلوق باری تعالے
است نہ بندہ چون مردم عاقل مختار بودند او را

چوتھی تمہید بندہ کے افعال اختیاری کے

بیان مین جاننا چاہیے کہ خداوند تعالی نے
ذوی العقول کو مختار پیدا کیا ہے اور اوس کا وہ اختیار
پیدائشی ہے جس طرح آگ کے لیے جلا دینا تو اختیار
سبب عقل ہے جس سے خیر وشر وحسن وقبح مین
تمیز ہوتی ہے اور جسے تمیز نہو وہ عاقل نہین اور
اسی تمیز سے خیر شر پر۔اور حسن قبح پر اختیار کیا جاتا
ہے تو عاقل کے اختیار کی نفی گویا حقایق اشیا
کا انکار ہے جو محض سفاہت ہے کیونکہ یہ اختیار
خدا کا مخلوق ہے نہ بندہ کا اور جب عاقل مختار ہوا

از جہت اختیار محاسبہ لازم می آید چراکہ باوجود تمیز
خیر از شر بر خیر اختیار کردند پس معذب شوند باختیار
شر بر خیر و مکرم شوند باختیار خیر بر شر اما سر
این مسئلہ در نظر حقیقت دیگر است کہ اتیان شر
از جہت سخط سابق است و اتیان خیر از جہت
رضاے سابق است ونہ وجود سخط و رضا موقوف
بہ وجود خیر و شر است والا در صفات خدا حدوث
لازم آید پس چون خداوند تعالے خواست کہ از
کنز ذات جواہر صفات ظاہر کند براے قبول ہر
صفتے شخصے را آفرید یکے را بہ رحمت مرحوم کرد و یکے
را بہ قہر مقہور و یکے را عزیز ساخت و یکے را ذلیل
و چون آن جواہر صفات بے مظاہر در حیز ظہور ندانم
پس در وجود آنہا حکمت باشد و حدیث قدسی
در این است کنت کنزا مخفیا فاحببت ان
اعرف فخلقت الخلق پس براے شہود آن
مقدرات اشخاص را آفرید و ایشان را بہ شرف
عقل مخصوص گردانید تا تمیز آمدند در خیر و شر پس از
جنس ایشان انبیا و رسل فرستاد و ایشان را ربط
بہ ملائکہ و کتب و خلق داد تا ایشان یا زبہ آن ربط
ذوالوجہین شدند از راہ وحی حقانی و از روے
تبلیغ چنانکہ در حق آنحضرت صلعم فرمودند قل انما

تو بوجہ اختیار اوس کا محاسبہ بھی ضروری ہوا کیونکہ
باوجود تمیز خیر و شر اوس نے شر اختیار کیا لہذا
گنہگار ہوگا اور خیر اختیار کرنے پر عزت دیجائیگی
لگر اس مسئلہ کا راز حقیقتاً اور ہے یعنی برائی کرنا بوجہ
ناخوشی سابق اور اچھائی کرنا بوجہ خوشنودی سابق
کے ہے اور خوشی و ناخوشی کا وجود خیر و شر کے
وجود پر موقوف نہین ورنہ خدا کے صفات مین
حدوث لازم آئیگا پس جب خداوند تعالے نے
خزانۂ ذات سے جواہر صفات ظاہر کرنا چاہے
تو ہر صفت کے لیے ایک شخص پیدا کیا کسی کو رحمت
سے مرحوم اور کسی کو قہر سے مقہور کیا کسی کو ذلیل
کیا کسی کو عزیز اور چونکہ وہ جواہر صفات بلا مظاہر
ظاہر نہین ہو سکتے تھے لہذا اون کے وجود مین
حکمت ہوئی اسی کے متعلق حدیث قدسی کنت
کنزا مخفیا ہے لہذا اون مقدرات کے شہود
کے لیے اشخاص پیدا کیے اور اون کو شرف عقل
سے مشرف کیا جس سے اونھون نے حسن و قبح
مین تمیز کی پھر اوسی زمرے سے انبیا و رسول بھیجے
اور اون کو ملائکہ و کتب آسمانی و خلق سے ربط دے
جو بوجہ وحی و تبلیغ ذوالوجہین ہوے چنانچہ
آنحضرت صلعم کے حق مین ارشاد ہے کہ قل انما

انا بشر مثلکم یوحی الیّ پس آنانکه از اثر رضا
مقبول بودند ایشان را نظر بہ وحی افتاد و قبول
انبیا ظاہر شد و آنانکہ از نظر سخط مردود بودند ایشان
را ختم و طبع افتاد و انبیا را رد کردند تا مردودیت و
شقاوت ظاہر شد پس حکمت در بعث انبیا اظہار
مقدرات الٰہی ست و حکمت در اظہار آن تجلی
صفات است و حکمت در تجلی صفات ظہور ذات
چنانچہ ظہور ذات موقوف بہ تجلی صفات است
و تجلی صفات موقوف بہ اظہار آن مقدرات است
و اظہار آن مقدرات محال بدون قبول اشخاص
ذوی العقول چنانکہ گفتیم پس برین صور مختلفہ
جواہر صفات از وحدت ذات ظاہر شدند اگر
یکے مردود آید و دیگرے مقبول آن جا تفاوت
نبود و ظلمی ثابت نہ گردد چہ ظلم وضع الشئ فی
غیر محلہ باشد و آنجا ہمہ وضع الشئ فی محلہ است
و نیز چرا لازم آید چہ کہ جبر آن بود کہ از یکے بہ کراہت
فعلے کنانند و باتیان آن او را مواخذہ کنند
اما این جا قہر ازلیست باثر قہر ازوے باختیار وے
فعلے می آید کہ بران مستوجب عقوبت می گردد چہ
تمیز در خیر و شر دارد و شر را بر خیر اختیار می کند و
حکمت درین فعل اظہار قہر ازلی است و قہر

انا بشر مثلکم الخ جو لوگ خوشنودی کے اثر سے
مقبول تھے اونھون نے بہ لحاظ وحی دعوت انبیا
قبول کی اور جو بہ نظر ناخوشی مردود تھے وہ بہ لحاظ
ختم و طبع منکر ہوکر مردود و شقی ہوے پس انبیا علیہم السلام
کے بھیجنے مین حکمت مقدرات الٰہی کا اظہار ہے اور
اوس کے اظہار مین حکمت تجلی صفات ہے اور تجلی
صفات مین حکمت ظہور ذات ہے جس طرح کہ ظہور
ذات تجلی صفات پر اور تجلی صفات اون مقدرات
کے اظہار پر موقوف ہے کہ اون مقدرات کا اظہار
بغیر اس کے کہ اشخاص ذوی العقول اون کو قبول
کرین محال ہے جیسا کہ مین بیان کر چکا تو ان صور
مختلفہ پر جواہر صفات وحدت ذات سے ظاہر ہوے
اگر ایک مقبول اور دوسرا مردود ہوا تو وہان کوئی فرق
ہوا اور نہ ظلم کیونکہ ظلم بے جائی کو کہتے ہین۔ اور
یہان سب بجا ہے اس کے علاوہ بھی ظلم لازم
نہین آتا کیونکہ جبر تو وہ ہے جو کسی پر زبردستی
کی جاے اور پھر اوس پر مواخذہ بھی کیا جاے
البتہ یہان قہر ازلی ہے جس کے اثر سے اوس کے
اختیار سے فعل ہوتا ہے جس پر وہ قابل عذاب
ہوتا ہے کیونکہ وہ باوجود خیر و شر مین تمیز کے پھر بھی شر
اختیار کرتا ہے اور اس فعل مین حکمت صفت قہر کا اظہار

ازصفات اوست وحکمت در اظہار قہر واظہار رحمت است
کہ بے وجود قہر رحمت را ظہور نہ باشد و قہر و رحمت
وسخط ورضا مقتضے خیر وشر است پس در وجود ہر دو
حکمت باشد کفر واحسان وحسن وقبح ونور وظلمت
وموت وحیات وجنت ونار ہمہ بر مقتضاے
حکمت ست ووجود ہمہ می بایست اما این جا
شبہتی بخاطر می گذرد کہ در ازل ابلیس چہ کرد کہ
مردود شد وآدم چہ کرد کہ مقبول گشت **جواب**
اگر عکس این بودے نیز ہمی وارد شدے حکمت
حکیم مطلق براے اظہار وجود خیر مقتضی وجود شر شد
اشیاء متضادہ پیدا کرد لامحالہ یکے سعید شد ودیگرے
شقی اگر شقی گوید مرا چرا شقی کرد سعید نیز ہمین
می تواند گفت ازآن دور لازم می آید کہ فعل و
اختیار منتفی می شود باقتضاے وجود چہ ہر موجود
وجود از خود دارد یا از غیر آنکہ از خود دارد نیاز ونقصان
ازو منتفی گردد کہ نقصان مقتضی نیاز است وہر
ناقص جویاے کمال است وصفت نیاز مقتضی
وجودے کہ شخص نیاز مند آن بود وآنکہ وجود از
غیر دارد وجود او ملحق اوست کہ بفرض عدم او عدم
این لازم آید پس آن کہ وجود او از غیر بود نیاز مند
او بود واین نقصان است کما لا یخفے وآن کہ

اور اظہار قہر مین حکمت اظہار رحمت ہے کیونکہ بلا وجود
قہر رحمت کا ظہور نہین اور قہر ورحمت وخوشی وناخوشی
خیر وشر کی مقتضی ہین لہذا دونون کے وجود مین
حکمت ہوگی کفر واحسان وحسن وقبیح ونور وظلمت
وموت وحیات وبہشت ودوزخ سب بمقتضاے
حکمت ہین اور سب کا وجود ہونا چاہیے۔ یہان پر ایک
یہ شبہہ پیدا ہوتا ہے کہ ازل مین شیطان نے کیا کیا
تھا جو وہ مردود ہوا اور حضرت آدم نے کیا کیا جو وہ مقبول
ہوے **جواب** اگر اسکے خلاف ہوتا تو بھی یہی اعتراض
ہوتا حکمت حکیم مطلق وجود خیر کے ظاہر کرنے کے لیے
وجود شر کی مقتضی ہوئی لہذا مخالف چیزین پیدا
کین لامحالہ ایک سعید ہوا دوسرا شقی اگر شقی
کہے کہ مجھے شقی کیون کیا تو سعید بھی یہی کہہ سکیگا
جس سے دور لازم آیگا کہ فعل واختیار باقتضاے
وجود منتفی ہوتے تھے کیونکہ ہر موجود یا خود موجود ہے یا
بغیر خود جو از خود موجود ہے وہ نیاز ونقصان سے
مبرا ہے کیونکہ نقص مقتضاے نیاز ہے اور ہر ناقص
کمال کا طالب ہے اور صفت نیاز نیاز مندی
چاہتی ہے اور جو موجود بغیر ہے اوس کا وجود
اوس سے ملحق ہے جسکے فرض عدم سے اسکا عدم لازم
آتا ہے تو ہر موجود بالغیر اوسکا نیاز مند ہوگا اور نقص ہے جو مخفی نہین

وجود از خود دارد باید که بفعل خود مختار بود پس کسی را
نشاید که پیشش چون وچرا آرد اکنون بیان
حکمت انقیاد کنم۔

اور جو موجود بالذات ہے وہ اپنے فعل مین مختار ہے
کسی کی مجال نہین جو اوس کے روبرو چون وچرا کرے
اب مین حکمت اطاعت بیان کرتا ہون۔

تمہید خامس در بیان حکمت انقیاد

بدانکہ خداوند تعالی نفس انسان را از عالم قوت بفعل آورده است
و او را درین فعل مختار گردانیده سعادت وشقاوت
که مقدرهٔ ازلیست بواسطه فعل او در ظهور آمد پس
او را درین عالم از فعل چاره نیست و آن فعل چون
او مختار است دران بے ارادت او ظاهر نمی گردد و
ارادت تابع علم است که تا مردم چیزے ندانند نخواهند تا
نخواهند نه کنند پس چاره نبود او را از علم که فعل
به مقتضاے آن باشد و وضع شرایع برلے این
معنی است و تکلیف بدان هر ذوی العقول را عین
حکمت است تا هر کرا ارادت سابق سعید خواست
نظرش بر اوامر و نواهی آن افتد و موافقت امر کند
سعید گردد و هر کرا ارادت ازل شقی خواسته است از
امر محجوب گردد و ترک اتباع انبیا کند پس در هواے
خود رود پس عاقل که او را فعل مختار است باید که
نظر در امر کند که مکشوف است تا فعلش موافق امر
آید صاحب سعادت گردد نه آنکه نظر بر ارادت
سابق که مستور است بحجاب شود تا از اهل شقاوت آید

پانچوین تمہید حکمت اطاعت کے بیان مین

جاننا چاہیے کہ خداوند تعالی نفس انسانی کو عالم قوت
سے عالم فعل مین لایا ہے اور اوسے اس فعل مین
مختار کیا ہے۔ سعادت وشقاوت مقدرهٔ ازلی اوس کے
فعل سے ظاہر ہوتی ہے تو اوسکے لیے اس عالم مین فعل
سے چارہ نہین اور وہ فعل بوجہ اوس کے مختار ہونے
کے بلا اوس کے ارادہ کے ظاہر نہین ہوتا اور ارادہ علم کا
تابع ہے جب تک لوگ کسی چیز کو نہ جانین گے نہ چاہین گے
اور جب تک نہ چاہین گے نہ کرین گے لہذا علم ضروری ہے
کیونکہ فعل علم ہی سے ہوتا ہے اور شریعتین اسی لیے
بنائی گئی ہین جس کی تکلیف ہر عاقل کو دینا عین حکمت ہے
تو جسے ارادهٔ سابقہ ازلی نے سعید بنانا چاہا اوسکی نظر اوامر
و نواہی پر پڑیگی وہ امر کے موافق کرکے سعید ہوگا اور جسے ارادہ
ازلی نے شقی کرنا چاہا وہ امر سے محجوب اور انبیا علیہم السلام کا
منکر ہو کر اپنی خواہشات پر چلیگا پس عقلمند کو سعید ہونے
کے لیے امر دیکھنا چاہیے (جو مکشوف ہی تاکہ اوس کا
فعل حسب الحکم ہو نہ یہ کہ ارادہ سابق پر نظر کرکے
(جو مستور ہے) حجاب مین رہے اور شقی ہو جائے

پس طریق سعید آن ست که امتثال اوامر و اجتناب
از نواہی کند و سبیل اشقیا بر خلاف آن ست
این جا مرد عاقل را باید اندیشید که روش او چیست
و انچہ می رود اگر فعل او موافق امر است او راہ جنت
وال است و اگر اتباع ہوا ست مخالفت امر است
و گمراہ بعد ازین بدان که با این ہمہ عقل در ادراک
بعض مقدمات دینی و دنیوی کافی نیست و گرنہ
در اصلاح امور عباد حاجت بہ نزول وحی نمی افتاد
چہ که ادعاے اختیار مستقل و جبر محض ہر دو
مستلزم انکار کتاب و سنت است زیرا که اعمال
عباد مثل اعیان آنہا بحکم نص جلی مخلوق او ست
پس اختیار تام کجا و ہمچنین مواخذہ از مجبور صرف
ظلم است و ظلم بحکم شرع و عقل مسلوب است
از جناب تعالی شانہ پس جبر محض چرا و بدیہی ست
که افعال ما مثل حرکات مرتعش نیست بلکہ مسبوق
بہ علم و ارادہ و قدرت است و ہمین است حصہ
اختیار و معنی فعل اختیاری لیکن ظہور این ہر سہ
قوے باختیار ما نیست ہر گاہ می خواہند از مبدء
فایض می کنند و ہمین است حصہ جبر و معنی فعل
اضطراری و چون معنی اختیار تام و جبر محض ہر دو
متحقق شد پس امر یست متوسط چنانچہ از جواب

پس سعید وہ ہے جو احکام بجا لائے اور منہیات سے
بچے اور شقی وہ ہے جو اس کے خلاف ہو۔ یہان پر
عقلمند کو اپنی روش دیکھنا چاہیے اگر اوس کا فعل
موافق امر ہے تو نیکبختی ہے اور اگر مخالف امر و اتباع
خواہشات ہے تو گمراہی ہے اور پھر بھی عقل بعض
مقدمات دینی و دنیوی کے ادراک مین کافی نہین اگر
ہوتی تو اصلاح خلق کے لیے نزول وحی کی ضرورت
نہ پڑتی کیونکہ اختیار مستقل و جبر محض کا دعوی مستلزم
انکار کتاب و سنت ہے اس لیے کہ بندون کے اعمال
بھی اونھین کی طرح بحکم آیت صریح اوسی کی مخلوق
ہین پھر اختیار کامل کہان رہا اسی طرح مجبور محض سے
مواخذہ محض ظلم ہے اور ظلم شرعاً و عقلاً جناب باری
سے ممنوع ہے تو جبر محض بھی نہ رہا اور یہ بدیہی بات
ہے کہ ہمارے افعال و حرکات مرتعش کی طرح نہین
ہین بلکہ علم و ارادہ و قدرت سے ہوتے ہین اور یہی
حصہ اختیار اور فعل اختیاری کے معنے ہین مگر ان
تینون قوتون کا ظہور ہمارے اختیار سے نہین جب
چاہتے ہین تب مبدء سے فایض کرتے ہین اور
یہی حصہ جبر اور فعل اضطراری کے معنی ہین
اور جب اختیار تام اور جبر محض کے معنے
ثابت ہوگئے تو ایک متوسط امر ہوا۔

مشہور حضرت امام زین العابدین در مقابل سوال امام حسن بصری ؒ مستفاد می شود کہ لا جبر و لا تفویض و لکن امر بین الامرین و ہمین امر متوسط بہ لسان شرع معبر است بہ لفظ کسب و فرق میان خلق و کسب و کیفیت تقدیر و قضا و جمع آن با تکلیف در نکتہ چند بدانند

نکتہ اول آنکہ ہمچنان کہ اختیار انسان در افعال خود مانند اکل و شرب و آمد و رفت و سوال و جواب و فرق کردن میان ہبوط و صعود و تبعیت این افعال مر داعیہ را کہ مسمی بہ قصد و عزم و ارادہ و نیت است ضروری و وجدانی ست برہمین نہج از قبیل ضروریات است کہ انسان را درین داعیہ اختیار نیست بلکہ این داعیہ تابع می باشد امورے را کہ از قدرت او خارج اند مثل حوائج و اغراض و حب و بغض و طلب راحت و رعایت مصلحت و تقاضائے اخلاق و عادت و تہیئہ اسباب و آلات و احاطۂ طاقت و ہمت و موافقت اکابر و احباب و مانند آن باین معنی کہ بر طبق آن برانگیختہ می شود و بحسب آن رجحان می یابد پس معلوم گشت کہ انسان در عین اختیار خود مجبور است و ہیچ کس خود را بسبب وجوب تبعیت ارادہ باین امور

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے ارشاد سے جو اونھون نے حضرت امام حسن بصری کے جواب مین فرمایا تھا معلوم ہوتا ہے کہ نہ جبر ہے نہ تفویض بلکہ ما بین اس کے ایک بات ہے جس کو شرع کسب کہتے ہین اور خلق و کسب اور کیفیت قضا و قدر کا فرق چند نکتون مین جاننا چاہیے۔

پہلا نکتہ جس طرح اختیار انسانی اپنے افعال یعنی کھانے پینے اور آنے جانے اور سوال و جواب اور اترنے چڑھنے مین اور ان سب افعال کے اس خواہش کے تابع رکھنے مین (جسے قصد و عزم و ارادہ و نیت کہتے ہین) ضروری و وجدانی ہے ویسی یہ بھی ضروری ہے کہ انسان اس خواہش مین مختار نہین بلکہ خواہش اون امور کی تابع ہے جو اوس کی قدرت سے باہر ہین جیسے حوائج و اغراض و حب و بغض و طلب راحت و رعایت مصلحت و تقاضائے اخلاق و عادت و تہیئہ اسباب و آلات و احاطہ طاقت و ہمت و موافقت اکابر و احباب وغیرہ کیونکہ ویسی ہی خواہش پیدا ہوتی اور اوس طرف لے جاتی ہے تو معلوم ہوا کہ انسان اپنے عین اختیار مین مجبور ہے اور بسبب وجوب تبعیت ارادہ ان امور

اضطراری مجبور نمی تواند گردد این بحسب بادی الرای
است و عند التحقیق چنانکه اجتماع معدات موجب
فیضان نفس مختار و صفت اختیار در و گردیده
همچنان در هر حادثه موجب ترجیح اختیاری شود
پس ظاهر شد که آن حالے که منافی اختیار است
همان است که بر خلاف داعیه از شناخت مصلحت
منبعث می گردد حائل شود نه آن که مولد و موجب
اراده است و معنی مختار بودن انسان آن است
که سبب اخیر افعال او صفت اختیار است نه آنکه
مبدء آنها محض اختیار است بے موجب خارجی
پس مقابلہ جبر با اختیار از قبیل مقابلہ وحدت
با کثرت باید شمرد که تقوم کثرت از وحدت است
و باز نفس کثرت معروض وحدت است هم باعتبار
نوع که عشرة مثلا واحد است ممتاز از نه و یازده و هم
باعتبار شخص که ده درهم یک عشرة است و ده
دینار عشرة دیگر و مقابل کثرت همان وحدت
است که طبیعت معروض را در بدل کثرت باشد
مثلا دینار یک باشد نه ده پس تبعیت مشیت عباد
مشیت الٰهی را که مدلول آیه وافی هدایه ما تشاءون
الا ان یشاء الله است باین معنی که هر گاه مصالح
عباد که بحسب اغراض و اخلاق آنها مرغوب آنها اند

اضطراری سے کوئی خود کو مجبور نہیں کر سکتا۔
اور بادی النظر میں ایسا ہی معلوم ہوتا ہے مگر
عند التحقیق جس طرح اجتماع اسباب سبب فیضان
نفس مختار اور صفت اختیار ہے اسی طرح ہر حادثہ
میں سبب ترجیح اختیار ہوتا ہے تو معلوم ہوا کہ وہ حال
جو مخالف اختیار ہے وہ ہے جو خلاف خواہش
مصلحت اندیشی سے پیدا ہوتا ہے وہی حائل ہوتا ہے
نہ یہ کہ وہی ارادہ پیدا کرتا یا اوسکا سبب ہوتا ہے انسان
کے مختار ہونے کے معنی یہ ہیں کہ اوس کے افعال
کا سبب اخیر صفت اختیار ہے نہ یہ کہ اون کا مبدأ بلا
سبب خارجی محض اختیار ہے تو مقابلہ جبر و اختیار کو
وحدت و کثرت کے مقابلے کی طرح سمجھنا چاہیے جیسے
قیام کثرت وحدت سے ہے اور پھر نفس کثرت معروض
وحدت ہے باعتبار نوعی بھی مثلا عشرہ ایک ہے جو نو
اور گیارہ سے ممتاز ہے اور باعتبار شخصی بھی جیسے دس درم
ایک دہائی ہے اور دس دینار دوسری دہائی اور کثرت کے
مقابل وہی وحدت ہے جو طبیعت معروض کے بدل
کثرت میں ہو مثلا دینار ایک ہوگا نہ دس پس بندوں کی
مشیت کی متابعت مشیت الٰہی سے جو مدلول آیہ ما
تشاءون الا ان یشاء الله ہے یوں ہے کہ جب بندوں کے
مصالح جو اونکی اغراض و اخلاق کی موافق اونکے مرغوب ہیں

در مدرکهٔ آنها تحقق شوند داعیه فعل موافق آن
در قلب آنها از فیض قیوم علے الاطلاق منبعث
گردد افعال برطبق آن داعیه وقوع یابند
این موکد اختیار عبد است نه منافی آن و نه
منافی امر و نهی بنده بمعنی تعلیم مصالح معاش و
معاد و اسباب سعادت و شقاوت

نکتهٔ ثانیه بدانند که فعل دو قسم است یکی تلبس
بحرکت و سکون نفسانی یا جسمانی تا مترتب
شود بران چیزے که علاقه مناسبت و تبعیت باو
دارد چنانچه هریک را از حال خود و امثال خود
ظاهر است این را فعل امکانی خواهم گفت و این
علاقه گاہے خفی باشد که بغیر از کثرت ترتب معلوم
نه شود مثل اعمال سحر و تاثیر جن و گاہے جلی باشد
اگرچه متخلف شود مثل قطع سیف و عمل ادویه بالجمله
این تلبس اگر بداعیه فعل باشد آن را کسب خوانند
مانند ترتب حرکت ید بر اراده و ترتب حرکت
آلات بر حرکت دست و ترتب صناعات بر
آلات و دوم اثبات قوام و وجود است در مفهومے
از مفهومات و نقل آن از مرتبهٔ ثبوت یا انتفاء
بطرف خارج و فکر مستقیم شهادت می دهد که صاحب
این معنی نمی تواند شد مگر وجود حقیقی یعنی چیزے که

اون کی قوت مدرکہ مین ثابت ہوتے ہین تو اوس
فعل کی ویسی ہی خواہش اون کے قلب مین حضرت
حق کے فیض سے پیدا ہوتی ہے جسکے مطابق افعال
اون سے واقع ہوتے ہین یہ موکد اختیار عبد ہے نہ اوسکے
خلاف اور نہ خلاف امر و نہی بندہ بمعنی تعلیم مصالح
معاش و معاد و اسباب سعادت و شقاوت۔

دوسرا نکتہ فعل دو طرح پر ہے ایک تلبس بحرکت و
سکون نفسانی یا جسمانی تاکہ اوس پر وہ چیز مترتب ہو
جو اوس کے مناسب و تابع ہے چنانچہ ہر ایک کو اپنے
حال و مثال سے ظاہر ہے جسے مین فعل امکانی کہونگا
اور یہ تعلق کبھی خفی ہوتا ہے جو بلا کثرت ترتب معلوم نہین
ہوتا جیسے اعمال سحر و تاثیر جن اور کبھی جلی ہوتا ہے
اگرچہ بعد کو ہو جیسے تلوار کی کاٹ یا دواؤن کا عمل بالجملہ
یہ تلبس اگر بخواہش فعل ہو اوس کو کسب کہین گے جیسے
ہاتھ کی حرکت کا ترتب ارادہ پر اور آلات کی حرکات
کا ترتب ہاتھ کی حرکت پر یا صنایع کا ترتب آلات پر
دوسرے کسی مفہوم مین قوام و وجود کا ثابت کرنا اور پھر اوسکو
مرتبۂ ثبوت و عدم ثبوت سے خارجاً
نقل کرنا اور فکر مستقیم اس بات کی
گواہی دیتی ہے کہ ایسا فاعل موجود حقیقی
کے سوا کوئی ہو نہین سکتا یعنی وہ جو

هست و هست کن است و مناقض عدم و رافع
اوست لذاته و هر چیزے که در ذات خود تقرر و
فعلیت ندارد موجب قوام ذات او نه تواند بود بلکه
سبب ترتب آثار در هر چیز بعد اجتماع اسباب و
حصول شرائط و ارتفاع موانع همی باشد مگر وجود
و تقرر این را فعل وجوبی می گویم و خلق عبارت
ازین است پس نسبت خلق به شی نسبت وجود ذات
به ماهیت و نسبت کسب باو نسبت ماهیتے است
که شرط باشد به ماهیتے که مشروط است و چون
جریان وجود در ممکنات به ترتب است مثل روشنی
حجره بواسطه روشندان و وصول فیض وجود بوسائط
پس تاثیر امکانی نیز از تاثیر و فعل حقیقی باشد و چون
لحوق وجود محقق ماهیات است نه رافع آن لاجرم
خلق مزاحم کسب نه باشد بلکه موجد و مفید اوست
چنانچه نور مظهر خصوصیات الوان است نه محو کننده آنها

نکتهٔ ثالثه بدانند که افاضهٔ موجودات هر یک
در محل خود که مسمی است به قضا و افاضه آنها در
مبادی عالیه مثل لوح و قلم و ملأ اعلی که مسمی است
به قدر هر دو متطابق اند که هر یکے از دیگرے سر مو
تفاوت ندارد و هر چند قضا تابع قدر است ازان
جهت که راستی و کجی سطر تابع راستی و کجی مسطر است

بذاته موجود و موجود کننده خیر معدوم ہے اور جو
چیز بذاته ثبوت نہ رکھے گی وہ اوس کی ذات کے
قیام کا سبب نہ ہوسکیگی بلکہ ہر چیز مین آثار مترتب
ہونے کا سبب بعد اجتماع اسباب و حصول شرائط
و رفع موانع وجود کے سوا اور کوئی ہو نہین سکتا
جس کے ثبوت کو ہم فعل وجوبی کہتے ہین اور اسی سے
خلق مراد ہے تو شے کی طرف خلق کی نسبت ویسی
ہے جیسے وجود کی نسبت ماہیت کی طرف اور کسب
کی نسبت اوسکی طرف یون ہے جیسے ماہیت شرطی کی نسبت
ماہیت مشروط سے اور چونکہ ممکنات مین وجود بالترتیب
جاری ہے جیسے روشندان سے حجرہ کی روشنی یعنی کسی
ذریعہ سے فیض وجود کا ملنا لہذا تاثیر امکانی بھی تاثیر و
فعل حقیقی سے ہوئی اور چونکہ لحوق وجود ماہیات کو ثابت
کرتا ہے اونکو رفع نہین کرتا لہذا خلق مزاحم کسب نہ ہوگی بلکہ اوسکی
موجد و مفید ہی جیسے روشنی رنگون کی خصوصیت ظاہر کرتی ہی مٹاتی نہیں

تیسرا نکتہ - ہر ایک موجودات کا افاضہ اپنے
محل پر جس کا نام قضا ہے اور اون کا افاضہ
مبادی عالیہ یعنی لوح و قلم و ملأ اعلے مین
جن کا نام قدر ہے دونون برابر ہین بالکل فرق
نہین اگرچہ قضا تابع قدر ہے اس لیے کہ سطر
کی راستی و کجی مسطر کی راستی و کجی پر ہے

و قدر نیز تابع قضاست ازان جہت کہ قدر
حکایت سلسلہ موجودات است و حکایت فرع
محکی عنہا است اما بحسب تدقیق نظر ہر دو تابع ذات
سلسلہ اند و تلازم ہر دو شبیہ تلازم دو معلول
یک علت است بیانش آنکہ اوضاع وجود عالم
از جہت عموم قدرت الٰہی و استقلال و ارادہ او
و صلاحیت قبول وجود در جمیع ممکنات اگرچہ
بے شمار است اما صفت وجود الٰہی کہ توفیر احکام
بر طبیعت بقدر گنجایش مادہ و ارتفاع موانع
می خواہد و صفت حکمت کہ انتظام مجموع موجودات
بلکہ ہر شئ ازان بر احسن و افضل وجوہ تقاضا
می کند یک وضع معین می سازند کہ قابل تعدد
محتملات و تردد متشاکلات نیست و این سلسلہ
با وجود تعین فی نفسہا محتاج بحضرت صانع است
جل شانہ بچند وجہ یکے در اتصال وجود چنانچہ
مبین گشت کہ این معنی حاصل نمی تواند شد مگر
از آنچہ بذات خود ہست و ہست کن باشد و
حقیقتے کہ مصداق این است یا عین ذات واجب
است یا لوازم آن ذات غیر را دران شرکت
نیست و ہر گاہ انقطاع این فیض توہم کنیم قوالب
